روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 21 جون 2008ء 16 جمادی الثانی 1429 ہجری 21 احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 140

نجات یافتہ شخص

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن کے خطرات اور ہولناک مواقع سے تم میں سے سب سے زیادہ محفوظ اور نجات یافتہ وہ شخص ہوگا جو دنیا میں مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجنے والا ہوگا۔ میرے لئے تو اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کا درود ہی کافی تھا یہ تو اللہ نے مومنوں کو ثواب پہنچانے کا ایک موقع بخشا ہے۔

(تفسیر درمنثور جلد6ص653)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

سب نبیوں سے افضل وہ نبیؐ ہے کہ جو دنیا کا مربی اعظم ہے۔ (براهین احمدیه/ روحانی خزائن جلد1صفحه98)

اب آسمان کے نیچے فقط ایک ہی نبی اور ایک ہی کتاب ہے یعنی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم جو اعلیٰ و افضل سب نبیوں سے اور اتم و اکمل سب رسولوں سے اور خاتم الانبیاء اور خیر الناس ہیں جن کی پیروی سے خدائے تعالیٰ ملتا ہے اور ظلماتی پردے اٹھتے ہیں اور اسی جہان میں سچی نجات کے آثار نمایاں ہوتے ہیں۔ (براهین احمدیه/ روحانی خزائن جلد 1 صفحه557)

صلوٰۃ وسلام بر نبی کریم خیر الانام محمد مصطفی احمد مجتبیٰ خاتم المرسلین رحمۃ للعالمین اور اس کی آل و اصحاب مطہرین و مہذبین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ (سرمه چشم آریه/ روحانی خزائن جلد 2 صفحه52)

آنحضرت ﷺ اپنی پاک باطنی وانشراح صدری وعصمت وحیا وصدق وصفا وتوکل ووفا اور عشق الٰہی کے تمام لوازم میں سب انبیاء سے بڑھ کر اور سب سے افضل واعلیٰ واکمل وارفع واجلیٰ واصفا تھے اس لئے خدائے جل شانہ نے ان کو عطر کمالات خاصہ سے سب سے زیادہ معطر کیا اور وہ سینہ اور دل جو تمام اولین وآخرین کے سینہ ودل سے فراخ تر وپاک تر ومعصوم تر وروشن تر تھا وہ اسی لائق ٹھہرا کہ اس پر ایسی وحی نازل ہو کہ جو تمام اولین وآخرین کی وحیوں سے اقویٰ واکمل وارفع واتم ہو کر صفات الٰہیہ کے دکھلانے کے لئے ایک نہایت صاف اور کشادہ اور وسیع آئینہ ہو۔ (سرمه چشم آریه/ روحانی خزائن جلد2 صفحه71)

وہ انسان کامل جو آفتاب روحانی ہے جس سے نقطہ ارتفاع کا پورا ہوا ہے اور جو دیوار نبوت کی آخری اینٹ ہے وہ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ (سرمه چشم آریه/ روحانی خزائن جلد2صفحه 246)

ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فراست اور فہم تمام امت کی مجموعی فراست اور فہم سے زیادہ ہے۔

(ازاله اوہام/ روحانی خزائن جلد3 صفحه307)

اگر یہ لوگ ہمارے بچوں کو ہماری آنکھوں کے سامنے قتل کرتے اور ہمارے جانی اور دلی عزیزوں کو جو دنیا کے عزیز ہیں ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتے اور ہمیں بڑی ذلت سے جان سے مارتے اور ہمارے تمام اموال پر قبضہ کر لیتے تو واللہ ثم واللہ ہمیں رنج نہ ہوتا اور اس قدر کبھی دل نہ دکھتا جو ان گالیوں اور اس توہین سے جو ہمارے رسول کریمؐ کی کی گئی دکھا۔

(آئینه کمالات اسلام/ روحانی خزائن جلد5 صفحه52)

نتیجہ امتحان ''منصب خلافت''

(مجلس انصار اللہ پاکستان)

۞ قیادت تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان کے زیر اہتمام خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی پروگرام کے تحت امتحان کتاب ''منصب خلافت'' از حضرت مصلح موعود منعقد کیا گیا۔ جس میں پاکستان بھر سے 659 مجالس کے 10409 انصار نے شمولیت کی۔ 178 انصار نے یہ امتحان نمایاں کامیابی ''خصوصی گریڈ اے'' میں پاس کیا۔ اعزاز پانے والے اراکین کے اسماء درج ذیل ہیں۔ اللہ تعالیٰ یہ کامیابی ان اراکین کیلئے مبارک کرے اور ان کے علم فضل میں ترقیات دے اور خلافت احمدیہ کی برکات سے وافر حصہ عطا فرمائے۔

اول: مکرم عبدالرشید سماٹری صاحب عزیز آباد کراچی

دوم: 1 مکرم ڈاکٹر منصور احمد صاحب جوہر ٹاؤن لاہور

2۔ مکرم میاں مجید الرحمٰن صاحب مغلپورہ لاہور

سوم: 1۔ مکرم محمد صدیق خان صاحب دار العلوم وسطی ربوہ

2۔ مکرم مجید احمد بشیر صاحب ڈیفنس لاہور

اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والے انصار:

1۔ مکرم منصور احمد لکھنوی صاحب گلشن اقبال شرقی کراچی
2۔ مکرم آرکیٹیکٹ شعیب احمد ہاشمی صاحب گلشن اقبال غربی کراچی
3۔ مکرم محمد انور نسیم صاحب (دار الیمن وسطی سلام ربوہ)
4۔ مکرم ماسٹر نذیر احمد صاحب 58/3 ٹکڑا ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ
5۔ مکرم میاں عبدالشکور یاسر صاحب دار الشکر ربوہ
6۔ مکرم انجینئر طاہر احمد صاحب مردان
7۔ مکرم اعجاز احمد محمود صاحب دار السلام لاہور
8۔ مکرم رفیق احمد سعید صاحب اسلام آباد جنوبی
9۔ مکرم انجینئر عبدالسلام ارشد صاحب چھاؤنی لاہور
10۔ مکرم مجید احمد صاحب دار الصدر شرقی طاہر ربوہ

(قائد تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان)

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

سوانح حضرت مسیح موعود (سوال و جواب کی شکل میں)

نمبر 8

سوال: حضور نے پادری لیفرائے کے مقابلہ پر معصوم نبی کے عنوان سے زبردست مضمون کب تحریر فرمایا۔

جواب: 24 مئی 1900ء کو۔

سوال: یہ مضمون کس نے کب اور کہاں پڑھا۔

جواب: 25 مئی 1900ء کو حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے لاہور میں پڑھا۔

سوال: حضور نے پادری لیفرائے کو معصوم نبی سے متعلق مقابلہ کی کھلی دعوت کب دی۔

جواب: 25 مئی 1900ء کو۔

سوال: حضور نے جہاد بالسیف کے متعلق فتویٰ کب دیا۔

جواب: 28 مئی 1900ء کو۔

سوال: حضور نے منارۃ المسیح کے لئے چندہ کی تحریک کا اشتہار کب دیا۔

جواب: 28 مئی 1900ء کو۔

سوال: تُجمَعُ لَهُ الصَّلٰوۃ کا نشان کب پورا ہوا اور یہ سلسلہ کب تک جاری رہا۔

جواب: اکتوبر 1900ء میں نشان پورا ہوا اور یہ سلسلہ فروری 1901ء تک جاری رہا۔

سوال: حضور نے بذریعہ اشتہار جماعت کا نام ''فرقہ احمدیہ'' کب رکھا۔

جواب: 4 نومبر 1900ء کو۔

سوال: حضور کی کتاب ''اربعین'' کی اشاعت کب ہوئی۔

جواب: 15 دسمبر 1900ء کو۔

سوال: حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحب نے بذریعہ خط بیعت کب کی۔

جواب: دسمبر 1900ء میں۔

سوال: حضور نے ''ریویو آف ریلیجنز'' رسالہ کے اجراء کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 15 جنوری 1901ء کو۔

سوال: حضور کی کتاب ''اعجاز المسیح'' کی اشاعت کب ہوئی۔

جواب: فروری 1901ء میں۔

سوال: حضور نے اشتہار کے ذریعہ طاعون سے دوبارہ ہوشیار کب کیا۔

جواب: 17 مارچ 1901ء کو۔

سوال: حضرت مولوی عبدالرحمٰن صاحب راہِ حق میں کب اور کہاں قربان ہو گئے۔

جواب: 1901ء میں۔ افغانستان میں۔

سوال: مقدمہ دیوار کا فیصلہ حضور کے حق میں کب ہوا۔

جواب: 12/اگست 1901ء کو۔

سوال: حضور کی کتاب ''خطبہ الہامیہ'' کی اشاعت کب ہوئی۔

جواب: اگست 1901ء میں۔

سوال: امیر کابل عبدالرحمٰن فالج سے کب فوت ہوا۔

جواب: 3/اکتوبر 1901ء کو۔

سوال: حضور نے ''ایک غلطی کا ازالہ'' کب تصنیف فرمائی۔

جواب: نومبر 1901ء میں۔

سوال: برطانوی سیاح ڈی۔ڈی۔ڈکسن قادیان کب آیا۔

جواب: 17 نومبر 1901ء کو۔

سوال: حضور کی نظم حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی آواز میں فونوگراف میں کب ریکارڈ ہوئی۔

جواب: 20 نومبر 1901ء کو۔

سوال: حضور نے بذریعہ اشتہار ماہوار جماعتی چندوں کے لئے مستقل نظام کی بنیاد رکھنے کا اعلان کب فرمایا۔

جواب: 5 مارچ 1902ء کو۔

سوال: حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کا نکاح کب اور کن سے ہوا۔

جواب: 12 ستمبر 1902ء کو حضرت سرور سلطان صاحبہ بنت حضرت مولانا غلام حسن خان صاحب پشاوری سے۔

ہدایات برائے موصیان و ورثاء موصیان

☆ موصی/موصیہ کی وفات کی صورت میں فوراً دفتر وصیت کو اطلاع دی جائے۔ موصی/موصیہ کا نام ولدیت/زوجیت اور وصیت نمبر سے ضرور مطلع فرمائیں۔ نیز یہ کہ موصی کی وفات کب اور کتنے بجے ہوئی اور وفات کا سبب کیا تھا؟

☆ موصی/موصیہ کی میت کو لے کر لواحقین ربوہ کب پہنچیں گے اور کتنے احباب و خواتین ہمراہ ہوں گے۔؟

☆ اگر فیکس کی سہولت موجود ہو تو محترم صدر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ موصی کی آمد کا حساب اور جائیداد کی تفصیل اور حصہ جائیداد کی ادائیگی سے متعلق رپورٹ دفتر وصیت ربوہ کو فیکس کر دی جائے تا کہ جنازہ پہنچنے سے قبل دفتری کارروائی مکمل ہو سکے۔ دفتر وصیت کیلئے فیکس نمبر 047-6212398 (نظارت علیاء) استعمال کریں۔

☆ اگر ورثاء میں سے کوئی ایک فرد جنازہ سے پہلے دفتر وصیت پہنچ جائے تو تدفین کی اجازت کی بروقت کارروائی کر کے تاخیر کی زحمت سے بچا جا سکے۔

☆ دفتر وصیت کے فون نمبرز حسب ذیل ہیں۔

موبائل نمبر 0302-7689205,0300-8103782 دفتر وصیت 047-6212969

بہشتی مقبرہ: 047-6212976

دارالضیافت کے فون نمبرز بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ 047-6213938/047-6212479

☆ جو وفات حادثہ سے ہو یا پولیس کارروائی کا امکان ہو تو ایسی میت کو عارضی طور پر امانتاً عام قبرستان میں دفن کیا جائے گا۔

☆ ایسا موصی/موصیہ جس کی وصیت ابھی منظوری کے مراحل میں ہے اگر فوت ہو جائے تو اس کی نعش دفتر وصیت سے رابطہ اور مشورہ کرنے کے بعد ہی ربوہ لائی جائے۔

تابوت کا سائز: چوڑائی 1.5 فٹ اونچائی 1.25 فٹ اور لمبائی 6.5 فٹ مقرر ہے۔

☆**احتیاط**: اگر تابوت کا ڈھکنا قبضے والا ہو یا دو ٹکڑوں میں ہو تو میت کو ریت اور مٹی سے محفوظ رکھنے کیلئے پلاسٹک شیٹ ہمراہ لائیں۔

☆ دور دراز سے آنے والی میت کا امکان ہوتا ہے کہ موسم کی شدت کی وجہ سے خراب ہو جائے ایسی صورت میں موصی کی آمد و جائیداد اور مزید ترکہ کی بابت رپورٹ مقامی صدر/سیکرٹری صاحب مال کی تصدیق کے ساتھ ضرور فیکس کر دی جائے تا کہ میت کے پہنچنے سے پہلے موصی کے حساب کو مکمل کر کے بلا تاخیر تدفین ہو سکے۔

☆ بعض لواحقین موصیان کی عمر کے بارہ میں اصرار کرتے ہیں کہ ہمارے علم کے مطابق اتنی عمر ہے۔ دفتر وصیت موصی کے وصیت فارم کے مطابق عمر نوٹ کرتا ہے اگر عمر میں غیر معمولی کمی و بیشی ہو تو درخواست کے ساتھ برتھ سرٹیفکیٹ یا شناختی کارڈ کی کاپی دفتر کو فراہم کی جانی لازمی ہے ورنہ دفتری ریکارڈ میں عمر تبدیل نہیں ہو گی۔

☆ بعض احباب موصی/موصیہ کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ طلب کرتے ہیں، ڈیتھ سرٹیفکیٹ تو ہسپتال یا ٹاؤن کمیٹی سے بنتا ہے دفتر وصیت صرف تصدیق دیتا ہے لیکن اس کیلئے بھی ضروری ہے کہ موصی کے ورثاء میں سے کسی کی درخواست ہو جو صدر/امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ آئے۔

☆ امانتاً تدفین کے وقت کوشش کی جائے کہ تابوت لکڑی کا ہو (چپ بورڈ وغیرہ کا نہ ہو) تا کہ چھ ماہ بعد جب تابوت نکالا جائے تو بہتر حالت میں ہو اگر مجبوراً چپ بورڈ کا ہو تو تابوت کو پلاسٹک شیٹ میں لپیٹ لیں۔ نیز امانت نکالتے وقت بھی پلاسٹک شیٹ یا بڑی چادر کا انتظام ہو۔ اللہ تعالیٰ آپ کا مددگار ہو۔

نوٹ: ان ہدایات سے عہدیداران و صدران احباب جماعت کو بھی مطلع فرما دیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

درخواست دعا

۞ مکرم ملک منور احمد جاوید صاحب نائب ناظر ضیافت تحریر کرتے ہیں۔

مکرم ملک خالد سیف اللہ صاحب مقیم لندن ولد مکرم رحمت اللہ شاکر صاحب سابق ایڈیٹر روزنامہ الفضل شدید بیمار ہیں۔ ہسپتال میں داخل ہیں ان کی کامل صحت یابی کیلئے احباب کرام کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے۔

۞ مکرم حافظ تنویر احمد صاحب کارکن دفتر ایم ٹی اے ربوہ پاکستان تحریر کرتے ہیں۔

میرے والد مکرم بشیر احمد شاہد صاحب کراچی ہیئر ڈریسر ربوہ والے پھیپھڑوں اور معدہ کی تکلیف میں مبتلا ہیں گزشتہ تقریباً ایک ماہ سے بیماری میں کچھ شدت آ گئی ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے میرے والد صاحب کو شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت مسیح موعود کے سب سے بڑے فرزند ارجمند

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کی سیرت وسوانح کے دلکش نقوش

مکرم میر انجم پرویز صاحب

قسط پنجم

احمدیت میں داخل نہ ہونے کی وجہ

آپ ہمیشہ حضرت مسیح موعود کی صداقت اور راستبازی تقویٰ اور طہارت کے معترف رہے اور احمدیت میں داخل ہونے میں روک اپنی عملی کمزوری قرار دیتے۔ گویا اس وقت بھی آپ حضرت مسیح موعود کے دعاوی پر کوئی اعتراض نہیں کرتے تھے۔ بلکہ ان کے عقائد کے قبول نہ کرنے کی وجہ اپنی کمزوری بتاتے تھے۔ یہ بھی آپ کی سعادت کی بہت بڑی علامت تھی اور کیا عجب ہے کہ اس کے نتیجہ میں آپ کو حضرت مسیح موعود پر ایمان لانے کا شرف حاصل ہوا۔

(الفضل قادیان مورخہ 7 جولائی 1931ء ص3)

مکرم علی محمد صاحب افسر مال راولپنڈی حضرت صاحبزادہ صاحب کی سیرت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

''سید فقیر افتخار الدین صاحب جو لاہور کے رہنے والے تھے اور ضلع ہوشیار پور میں مہتمم بندوبست کے عہدہ پر فائز رہ کر بوجہ علالت 1913ء میں اس عہدہ سے سبکدوش ہوئے۔ ان کے اور حضرت مرزا صاحب مرحوم کے آپس میں نہایت پرانی اور گہری دوستی ویگانگت کے تعلقات تھے اور ایسی دوستی کہ جن کی دنیاوی تعلقات میں بہت کم مثالیں ملتی ہیں۔ میں 1911ء میں فقیر صاحب کی پیشی میں تھا۔ مجھ پر بھی ان کی نظر عنایت عام مروجہ صورتوں سے بہت بڑھ کر تھی۔ میرے ساتھ ہمیشہ وہ اپنے عزیزوں سا سلوک فرماتے تھے۔ میں بھی کسی کسی موقعہ پر ان کی خدمت میں احمدیت کی صداقت کے متعلق عرض کر دیتا تھا۔ آپ نے ایک دن اس ضمن میں فرمایا کہ میں اور مرزا سلطان احمد صاحب اس لئے غیر احمدی نہیں کہ ہم احمدیت کو حق اور صداقت نہیں سمجھتے۔ بلکہ ہم نہیں چاہتے۔ کہ اس پاک سلسلہ میں ہمارے جیسے آدمی شامل ہو کر اس کی بدنامی کا موجب ہوں۔

(الفضل قادیان مورخہ 18 جولائی 1931ء ص10)

حضرت سید شفیع احمد صاحب محقق دہلوی بیان کرتے ہیں کہ کسی نے حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب سے دریافت کیا کہ وہ حضرت اقدس مسیح موعود کو مان کیوں نہیں لیتے جواب دیا میں دنیا داری میں گرفتار ہوں اور میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ بیعت کر لینے کے بعد بھی میرے اندر دنیا کی نجاست موجود رہے ....اپنے مقدس باپ کا اثر ان کے اندر اس قدر موجود تھا۔ کہ نائب تحصیلدار کے بعد تحصیلدار پھر ای اے سی پھر افسر مال پھر ڈپٹی کمشنر وغیرہ رہے مگر کسی جگہ آج تک مرزا صاحب سے کسی کو شکایت نہیں ہوئی انہوں نے کبھی کسی کو دکھ نہیں دیا۔ نہ ظلم کیا نہ جھوٹ اور نہ رشوت قبول کی بلکہ ڈالی تک قبول نہ کرتے تھے۔ یہ تمام خوبیوں کا مجموعہ انہیں باپ سے وراثۃً ملا تھا۔ نہ صرف اس قدر بلکہ ان کے بچوں میں بھی فطرتاً یہ باتیں موجود ہیں مرزا عزیز احمد صاحب ایم اے بھی سرکاری ملازم ہیں۔ میں نے دیکھا ہے کہ ان کے دفتر والے ماتحت اور افسر بلکہ ہمسایہ تک ان کے چلن اور اخلاق کے مداح ہیں۔''

(''سیرت المہدی'' جلد سوم صفحہ 235-237 مطبوعہ قادیان اپریل 1939ء)

حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کی نسبت حضرت مسیح موعود کے بعض نشانات

محترم غلام احمد خان صاحب ایڈووکیٹ امیر جماعت احمدیہ پاکپتن تحریر کرتے ہیں:۔

ماہ رمضان گزشتہ میں میں نے اخبار الفضل کے ذریعہ ظاہر کیا تھا کہ حضرت میرزا سلطان احمد صاحب کے احمدی ہونے اور بالخصوص بیعت خلافت سے مشرف ہونے سے حضرت مسیح موعود کی یہ پیشگوئی کہ خدا تین کو چار کرے گا۔ اپنے نئے رنگ میں اور نئی شان میں پوری ہوئی۔ اب میں حضرت میرزا سلطان احمد صاحب مرحوم کی نسبت حضرت مسیح موعود کے بعض اور نشانات جو پورے ہوئے بیان کرتا ہوں۔

حضرت مسیح موعود نے اپنی کتاب سراج منیر ص 79 پر پینتیسویں پیشگوئی میں شیخ محمد حسین بٹالوی کا ذکر کیا ہے اور پھر ایک خواب بیان فرمایا ہے۔ جس کا ایک حصہ یہ ہے۔

''پھر ایک آواز دینے والے نے آواز دی کہ ایک شخص جس کا نام سلطان بیگ ہے۔ جان کندن میں ہے۔ میں نے کہا کہ عنقریب وہ مرجائے گا۔ کیونکہ مجھے خواب میں دکھلایا گیا ہے۔ کہ اس کی موت کے دن صلح ہوگی۔''

تشریح۔ سلطان بیگ کے نام سے ظاہر ہے کہ جس شخص کا ذکر ہے۔ وہ قوم کا مغل ہے۔ پھر یہ وہ سلطان بیگ ہے۔ جو خواب آنے کے وقت حضرت مسیح موعود کا مخالف ہے۔ اس لئے صلح کا محتاج ہے۔ جان کندن میں ہونے سے مراد وہ لمبی بیماری ہے۔ جس میں حضرت مرزا سلطان احمد صاحب بہت مدت تک مبتلاء رہے اور بالآخر چلنے پھرنے کے بھی ناقابل ہوگئے۔ یہاں تک کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو آپ کی بیعت لینے کے لئے آپ کے پاس جانا پڑا موت کے دن سے مراد موت کا سال ہے۔ کیونکہ مذہبی اصطلاح میں کبھی دن سال کے برابر ہوتا ہے۔ اس جگہ دن ایک سال کے برابر ہے اور خواب کی یہ تعبیر ہوئی۔ کہ حضرت میرزا سلطان احمد صاحب کی موت کے سال صلح ہوگی اور وقوع میں بھی یہی آیا ہے۔ کہ آپ کی صلح یعنی بیعت کا دن یعنی سال ابھی گزرنے نہیں پایا تھا کہ آپ کا وصال ہوگیا۔

پھر حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔'' 2/اکتوبر 1899ء کو خواب میں مجھے یہ دکھایا گیا۔ کہ ایک لڑکا ہے۔ جس کا نام عزیز ہے اور اس کے باپ کے نام کے سر پر سلطان کا لفظ ہے۔ وہ لڑکا پکڑ کر میرے پاس لایا گیا اور میرے سامنے بٹھایا گیا۔ میں نے دیکھا۔ کہ وہ ایک پتلا سا لڑکا گورے رنگ کا ہے۔'' (ضمیمہ تریاق القلوب نمبر 4 اشتہار 22/اکتوبر 1899ء بحوالہ مکاشفات ص 17) اس خواب میں جناب میرزا عزیز احمد صاحب کے والد ماجد حضرت میرزا سلطان احمد مرحوم کا ذکر ہے۔

پھر حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔''آج اس موقعہ کے اثناء میں جبکہ یہ عاجز بغرض تصحیح کاپی کو دیکھ رہا تھا کہ بعالم کشف چند ورق ہاتھ میں دیئے گئے اور ان پر لکھا ہوا تھا۔ کہ ''فتح کا نقارہ بجے''۔ پھر ایک نے مسکرا کر ان ورقوں کی دوسری طرف ایک تصویر دکھلائی اور کہا کہ ''دیکھو کیا کہتی ہے تصویر تمہاری''۔ جب اس عاجز نے دیکھا۔ تو وہ اسی عاجز کی تصویر تھی اور سبز پوشاک تھی۔ مگر نہایت رعب ناک۔ جیسے سپہ سالار مسلح فتحیاب ہوتے ہیں اور تصویر کے یمین ویسار میں ''حجۃ اللہ القادر وسلطان احمد مختار'' لکھا تھا۔

(22/اکتوبر 1883ء براہین احمدیہ حصہ چہارم ص 515، 516)

اس کشف میں اگرچہ حضرت مسیح موعود کا نام سلطان احمد مختار رکھا گیا ہے۔ تاہم اس میں حضور کے بیٹے سلطان احمد کی صلاحیت کی نسبت اشارۃً ذکر ہے۔

4/اپریل 1905ء کو ایک زور آور زلزلے کا نشان ظاہر ہوا جس کے بارہ میں حضرت مسیح موعود نے علاوہ دیگر پیشگوئیوں کے 3/اپریل 1905ء کو ایک رویا بھی دیکھی جو آپ نے کئی ایک کو سنائی۔ ملفوظات جلد چہارم میں یہ رویا اس طرح مذکور ہے:۔

''3/اپریل 1905ء۔ رویا دیکھا کہ مرزا نظام الدین کے مکان پر مرزا سلطان احمد کھڑا ہے اور سب لباس سرتر پا سیاہ ہے۔ ایسی گاڑھی سیاہی کہ دیکھی نہیں جاتی۔ اسی وقت معلوم ہوا کہ یہ ایک فرشتہ ہے جو سلطان احمد لباس پہن کر کھڑا ہے۔ اس وقت میں نے گھر میں مخاطب ہو کر کہا کہ یہ میرا بیٹا ہے۔ تب دو فرشتے اور ظاہر ہو گئے اور تین کرسیاں معلوم ہوئیں اور تینوں پر وہ تین فرشتے بیٹھ گئے اور بہت تیز قلم سے کچھ لکھنا شروع کیا جس کی تیز آواز سنائی دیتی تھی۔ ان کے اس طرز کے لکھنے میں ایک رعب تھا۔ میں پاس کھڑا ہوں کہ بیداری ہوگئی۔

اسی وقت حضرت اقدس نے یہ خواب سنایا اور فرمایا کہ:

کوئی ہیبت ناک نشان ہونے والا ہے۔ اس کی تعبیر یوں ہے کہ سلطان احمد سے مراد ایسے دلائل اور براہین ہیں جو دلوں پر تسلط کرتے اور دلوں کو پکڑ لیتے ہیں اور نظام الدین سے مراد ایسا نشان ہے جس سے دین (۔) کی صلاحیت ہو گی اور اس کا نظام درست ہو جائے گا۔ سیاہ کپڑے ظاہر کرتے ہیں کہ اب کوئی ڈرانے والا نشان ظاہر ہونے والا ہے اور یہ جو کہا کہ یہ میرا بیٹا ہے۔ اس سے یہ مراد ہے کہ یہ ہماری دعاؤں کا نتیجہ ہے کیونکہ نتیجہ بچے کو بھی کہتے ہیں''۔

(البدر سلسلہ جدید جلد 1 نمبر 1 صفحہ 3 مورخہ 6/اپریل 1905ء)

(ملفوظات جلد چہارم ص 255)

مرزا سلطان احمد کے سیاہ لباس سے آپ کی وہ حالت انکار مسیح موعود مراد ہے جس میں آپ کی ساری عمر گزری۔ مگر اسی وقت معلوم ہوا کہ یہ ایک فرشتہ ہے۔ جو سلطان احمد لباس پہن کر کھڑا ہے اور یہ وہ حالت رجوع اور صلح تھی۔ جو کہ بیعت خلافت کے بعد ظہور میں آئی۔ اس وقت گویا حضرت مسیح موعود نے گھر میں مخاطب ہو کر کہا۔ کہ یہ میرا بیٹا ہے۔ ورنہ اس سے پہلے تو مرزا سلطان احمد صاحب روحانی طور پر عاق سمجھے گئے تھے۔ بیعت خلافت کے بعد ہی حقیقۃً روحانی طور پر حضرت مسیح موعود کے بیٹے کہلائے۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بھی آپ کی بیعت کے بعد آپ کے اخلاص کا ذکر کیا ہے۔ پھر آپ کے بحیثیت فرشتہ کرسی پر بیٹھنے کے بھی یہی معنے ہیں کہ آپ روحانی طور پر معزز اور مکرم ہوگئے۔ پھر رعب کی حالت میں قلم سے لکھنے سے مراد حضرت مسیح موعود کے رعب کا اظہار ہے۔ جو کہ مرزا سلطان احمد صاحب کی بیعت کے بعد ظہور پذیر ہونا تھا۔ جس کا ذکر اس الہام الٰہی میں بھی ہے۔ (۔) یعنی ہم تیری نسبت ایک بات بھی ایسی باقی نہیں چھوڑیں گے۔ جو موجب رسوائی اور طعن وتشنیع ہو۔ چنانچہ میرزا سلطان احمد صاحب کا سیاہ لباس یعنی مخالفت حضرت مسیح موعود مخزیات ذکرا میں شامل تھا۔ پھر آپ کی بیعت کے بعد فرشتہ ہو جانے سے یہ الہام الٰہی پورا ہوا اور حضرت مسیح موعود کا رعب دوبالا ہو گیا۔

پھر حضرت مسیح موعود کو حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کے بارے میں الہام ہوا تھا۔''پاس ہو جائے گا''۔

خدا کا کلام ذوالوجوہ اور ذوالمعنی ہوا کرتا ہے۔
عمومی بالا تشریح کے علاوہ ایک اور تشریح اس الہام کی واقعات کے رو سے ہوگئی ہے اور وہ اس طرح کہ میرزا سلطان احمد صاحب احمدی ہو گئے۔ اور مبائعین حضرت خلیفۃ المسیح الثانی میں شامل ہو گئے۔ اسی حالت میں انجام بخیر کے ساتھ وفات پا کر بہشتی مقبرہ میں مدفون ہوئے۔ اس بہشتی مقبرہ میں جس کی نسبت حضرت مسیح موعود کو الہام ہوا تھا۔ کل مقابر الارض لاتقابل ھذہ الارض۔

(بدر جلد 6 نمبر 14۔ 1907ء)

پھر جس کی نسبت حضرت مسیح موعود نے فرمایا: ''خدا کے کلام کا یہ مطلب ہے۔ کہ صرف بہشتی ہی اس میں دفن کیا جائے۔''

(رسالہ الوصیت حاشیہ ص 22)

غرضیکہ حضرت میرزا سلطان احمد صاحب مرحوم اس دار الابتلاء کے روحانی امتحان میں بھی پاس ہو گئے۔ ذالك الفوز العظیم۔

غرض میرزا سلطان احمد صاحب مرحوم کی حالت انکار بھی حضرت مسیح موعود کی صداقت کا نشان تھی اور پھر آپ کا احمدی ہونا اور بیعت خلافت کرنا اور اسی حالت میں وفات پا کر بہشتی مقبرہ میں دفن ہونا بھی حضرت مسیح موعود کی صداقت کا نشان ہے۔

(الفضل قادیان مورخہ 4 / اگست 1931ء ص 6)

حضرت اقدس کے ملفوظات میں تذکرہ

26 جنوری 1903ء کو (بوقت ظہر) جب نماز کے لئے حضور تشریف لائے تو مولوی محمد احسن صاحب امروہی کو فرمایا کہ

میں نے رات کو خواب میں دیکھا کہ آپ سامنے جائفل اور ایک گانٹھ نہیں معلوم سپاری کی یا سونٹھ کی پیش کر کے کہتے ہیں کہ یہ کھانسی کا علاج ہے۔ اس کے دیکھنے کے بعد مجھے دو گھنٹے تک کھانسی سے بالکل آرام رہا اور حالانکہ اس سے پیشتر مجھے کھانسی دم نہ لینے دیتی تھی۔

مولوی عبدالکریم صاحب نے بیان کیا کہ رات کو میں نے خواب دیکھا کہ سلطان احمد (حضور کے لڑکے) آئے ہوئے ہیں۔

حضرت اقدس نے فرمایا کہ

میرے گھر میں ایک ایسی ہی خواب آئی تھی کہ اس کی وہی تعبیر بتلائی جو آپ نے سمجھی یعنی خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی نشان ظاہر ہو گا۔ سلطان سے مراد براہین اور نشان ہوا کرتا ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 50)

ہمارا مذہب یہی ہے کہ ہم بدی کرنے والے سے نیکی کرتے ہیں۔ یہی گھر جو سامنے موجود ہے اس کے متعلق میرے لڑکے مرزا سلطان احمد نے مقدمہ کیا تھا۔ باوجودیکہ میرے لڑکے نے مقدمہ کیا تھا اور یہ سخت ایذا دینے والے دشمن تھے مگر میں نے کہا کہ میں اظہار نہیں دوں گا۔ کیا اس وقت میں نے سلطان احمد کی رعایت کی تھی یا ان کی؟ اور ان کی دشمنیوں کا خیال رکھا یا ان کے ساتھ نیکی کی؟ یہ ایک ہی بات نہیں۔ جب جب ان کو میری مدد کی ضرورت ہوئی میں نے ان کو مدد دی ہے اور دیتا رہتا ہوں۔ جب ان کو مصیبت آئی یا کوئی بیمار ہوا تو میں نے کبھی سلوک یا دوا دینے سے دریغ نہیں کیا۔ ایسی حالت میں کہ ہم ان سے سلوک کرتے ہیں اور ان کی سختیوں پر صبر کرتے ہیں۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 130)

حضرت صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب کی بعض روایات

میری حالت ایسی نہیں کہ بیعت کو نبھا سکوں

مکرم چوہدری سعید احمد صاحب عالمگیر سابق افسر خزانہ صدر انجمن احمدیہ تحریر کرتے ہیں:۔

حضرت مرزا سلطان احمد صاحب نے گو بہت بعد میں بیعت کی مگر بیعت میں دیر کسی مخالفت کی بنا پر نہ تھی۔ آپ بار بار اپنے دوستوں کو فرمایا کرتے تھے کہ میں حضرت مسیح موعود کو آپ سے بہتر جانتا ہوں۔ مگر میں بیعت کی شرائط کو پورا کرنے کا اہل نہیں ہوں اس بارہ میں حضرت مرزا عزیز احمد صاحب نے خاکسار کو جو واقعات سنائے وہ ہدیہ ناظرین کئے جاتے ہیں۔

ان سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کے دل میں حضرت مسیح موعود کی بڑی قدر عزت تھی۔

حضرت والد صاحب جب میانوالی میں مال افسر تھے اور ابھی انہوں نے بیعت نہیں کی تھی ان کے پاس قادیان کے دو دوست بطور خدمت گار کے رہتے تھے۔ یعنی مکرم فضل الدین صاحب والد حسن دین صاحب درویش قادیان اور قاضی علی محمد صاحب والد قاضی نور محمد صاحب یہ دونوں (افراد) مخلص اور جوشیلے احمدی تھے یہ حضرت والد صاحب کو ہر وقت (دعوت الی اللہ) کرتے رہتے تھے اور مجبور کرتے تھے کہ بیعت کر لی جائے بعض اوقات ان کے اس رویہ سے والد صاحب چڑ بھی جایا کرتے تھے۔ مگر یہ باز نہیں آتے تھے۔ چنانچہ میرے سامنے کئی بار حضرت والد صاحب نے ان کو سرزنش کی۔ حضرت والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ ان کے علاوہ اور بھی بہت سے دوست مجھے بیعت کرنے کے لئے کہتے رہتے تھے مگر میرا ان سب کو یہی جواب تھا کہ میں حضرت والد صاحب یعنی حضرت مسیح موعود کو خوب جانتا ہوں وہ بے شک اللہ تعالیٰ کے مُرسل .... ہیں مگر میری حالت ایسی نہیں کہ بیعت کو نبھا سکوں اور اسی لئے میں ان کی بیعت نہیں کرتا۔

(روزنامہ الفضل ربوہ 22 / اپریل 1973ء)

دلہن کو پہلے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے پاس لے جاؤ

حضرت صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب بیان کرتے ہیں:۔

حضرت والد صاحب نے اگرچہ ابھی بیعت نہ کی تھی مگر جماعت اور خلافت کے ساتھ ان کو جو عقیدت تھی وہ مندرجہ ذیل واقعہ سے ظاہر ہے۔

میری پہلی شادی مکرم مرزا محمد اعظم بیگ صاحب کی دختر سے ہوئی۔ ہم بارات لے کر لاہور گئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی بھی ہمارے ساتھ تھے ہم حضور کو اس وقت میاں صاحب کہہ کر پکارا کرتے تھے ہمارا قیام منشی افتخار الدین صاحب کے گھر پر تھا۔

بارات جب لاہور سے روانہ ہو کر بٹالہ کے سٹیشن پر پہنچی تو حضرت نواب محمد علی خاں صاحب نے ہمیں لینے کے لئے دو رتھ بھجوا دیئے ہوئے تھے (یہ ایک قسم کی بہلی ہوتی تھی جس کے دو بڑے بڑے پہیئے ہوتے تھے اور بیل کھینچا کرتے تھے) ان دنوں ابھی قادیان تک ریل نہیں گئی تھی۔ جب ہم قادیان پہنچے تو حضرت والد صاحب نے فرمایا کہ دلہن کو گھر لے جانے کی بجائے پہلے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے پاس سلام اور دعا کے لئے لے جاؤ۔ چنانچہ میں نے والد صاحب کے ارشاد کی تعمیل کر دی۔

(روزنامہ الفضل 22 / اپریل 1973ء)

''تمہارے تو دادا اور پیر بھی تھے''

حضرت صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب بیان کرتے ہیں:۔

''جب حضرت مسیح موعود کا وصال ہو گیا تو میں اپنے پہلے خسر کے گاؤں اعظم آباد میں تھا جو کہ کوٹ رادھا کشن ریلوے سٹیشن کے پاس ہے۔ میرے خسر اس وقت لاہور گئے ہوئے تھے جب ان کو حضور کی وفات کا علم ہوا تو مجھے اطلاع کرنے کے لئے گاؤں واپس تشریف لائے اور مجھے قادیان جانے کے لئے کہا۔ اس کے بعد حضرت والد صاحب کی طرف سے بھی تار ملا مگر میں بیماری یا اپنی بدقسمتی کی وجہ سے وقت پر قادیان نہ پہنچ سکا۔ اس کے کچھ عرصہ بعد جب میں قادیان گیا تو حضرت والد صاحب مجھے حویلی کے احاطہ میں ملے اور فرمایا کہ

''میرے تو والد فوت ہو گئے تھے تمہارے تو دادا اور پیر بھی تھے مگر تم وفات کے وقت نہیں آئے تمہیں شرم کرنی چاہئے تھی۔''

حضرت والد صاحب نے مجھے اس سے سخت الفاظ پھر کبھی نہ کہے اور نہ کبھی اس واقعہ سے قبل کہے تھے حالانکہ حضرت والد صاحب نے ابھی تک حضور کی بیعت بھی نہ کی تھی۔''

(روزنامہ الفضل ربوہ 22 / اپریل 1973ء)

حضرت صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب کی تجدید بیعت

صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کے فرزند حضرت صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب علی گڑھ کالج میں زیر تعلیم تھے۔ ان دنوں کالج کے طلبہ نے اپنے استادوں کی مخالفت میں سٹرائیک کیا جس میں صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب بھی شریک ہوئے۔ چونکہ یہ امر سلسلہ کی تعلیم کے خلاف تھا اس لئے جب حضرت اقدس مسیح موعود کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ نے صاحبزادہ صاحب کو خارج از بیعت کر دیا۔ اس پر صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب نے ایک معافی نامہ حضرت اقدس کی خدمت میں ارسال کیا۔

محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب بیان کرتے ہیں کہ یہ معافی نامہ صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب نے اپنے ہاتھ سے لکھ کر والد صاحب (حضرت مرزا عزیز احمد) کو دیا تھا اور کہا تھا کہ اس کی نقل کر کے اپنے دستخطوں کے ساتھ حضرت اقدس کی خدمت میں بھجوا دو۔ چنانچہ والد صاحب نے یہ معافی نامہ نقل کیا اور اپنے دستخط کر کے حضرت مسیح موعود کی خدمت میں بھجوا دیا۔

ملفوظات جلد پنجم میں زیر عنوان ''مرزا عزیز احمد کی تجدید بیعت'' لکھا ہے:

''مرزا عزیز احمد صاحب نے میانوالی سے جہاں آپ بتقریب موسمی رخصت مقیم ہیں مفصلہ ذیل خط حضرت کی خدمت میں بھیجا۔ (۔)

بخدمت امام الزمان حضرت مسیح موعود

فدوی اپنے گزشتہ قصوروں کی معافی طلب کرتا ہے اور التجاء کرتا ہے کہ اس خاکسار کی گزشتہ کوتاہیوں کو معاف کر کے زمرہ تابعین میں شامل کیا جائے۔ نیز اس عاجز کے حق میں دعا فرماویں کہ آئندہ اللہ تعالیٰ ثابت قدم رکھے۔

حضور کا عاجز

عزیز احمد''

اس کے جواب میں حضرت صاحب نے فرمایا کہ:۔

ہم وہ قصور معاف کرتے ہیں۔ آئندہ اب تم پرہیزگار اور سچے (۔) کی طرح زندگی بسر کرو اور بری صحبتوں سے پرہیز کرو۔ بری صحبتوں کا انجام آخر برا ہی ہوا کرتا ہے۔''

(بدر جلد 6 نمبر 42 مورخہ 17 / اکتوبر 1907ء)

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب اس واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے بیان فرماتے ہیں:۔

جب صاحبزادہ مرزا عزیز احمد صاحب علی گڑھ کالج میں پڑھا کرتے تھے تو آپ سے یہ غلطی سرزد ہو گئی کہ آپ سٹوڈنٹس کی سٹرائیک میں شامل ہو گئے۔ تو حضرت مسیح موعود نے انہیں فوراً جماعت سے خارج کر

(باقی صفحہ 6 پر)

قرآن مجید کا قانون وراثت

ورثاء کے حصص معلوم کرنے کا گوشوارہ

عصبہ:۔ کسی وارث کے عصبہ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ وہ سارے یا باقی سارے مال کا وارث ہے۔

نمبر شمار	نام ورثاء	1 جب کوئی اور وارث نہ ہو	2 جب لڑکا یا لڑکے بھی ہے	3 جب بیٹی ہے	4 جب بیٹیاں ہیں	5 جب پوتا یا پوتے ہیں	6 جب پوتی ہے	7 جب پوتیاں ہیں	8 جب بہن حقیقی ہے	9 جب کئی بہنیں حقیقی ہیں	10 جب بھائی حقیقی ہے	11 جب کئی بھائی حقیقی ہیں	12 جب بہن باپ کی طرف سے ہے	13 جب بہنیں باپ کی طرف سے ہیں	14 جب بھائی باپ کی طرف سے ہے	15 جب کئی بھائی باپ کی طرف سے ہیں	16 جب بہن یا بھائی ماں کی طرف سے ہے	17 جب کئی بہن بھائی ماں کی طرف سے ہیں	18 جب ماں ہے	19 جب دادی ہے	20 جب نانی ہے	21 جب بیوی یا بیویاں ہیں	22 جب خاوند ہے	23 جب باپ ہے	24 جب دادا ہے
1	بیٹی کے لئے	1/2	عصبہ	2/3	2/3	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2
2	دو یا زیادہ بیٹیوں کے لئے	2/3	عصبہ	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3
3	ایک پوتی کے لئے	1/2	x	1/6	x	عصبہ	2/3	2/3	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2
4	کئی پوتیوں کے لئے	2/3	x	1/6	x	عصبہ	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3
5	بہن حقیقی کے لئے	1/2	x	عصبہ	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	2/3	2/3	عصبہ	عصبہ	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	x	x
6	حقیقی بہنوں کے لئے	2/3	x	عصبہ	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	x	x
7	بہن باپ کی طرف سے	1/2	x	عصبہ	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	1/6	x	x	x	2/3	2/3	عصبہ	عصبہ	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	x	x
8	بہنیں باپ کی طرف سے	2/3	x	عصبہ	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	1/6	x	x	x	2/3	2/3	عصبہ	عصبہ	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	2/3	x	x
9	بہن یا بھائی ماں کی طرف سے	1/6	x	x	x	x	x	x	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/3	1/3	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	x	x
10	کئی بہنیں یا بھائی ماں کی طرف سے	1/2	x	x	x	x	x	x	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	1/3	x	x
11	ماں کے لئے	1/3	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/3	1/6	1/3	1/6	1/3	1/6	1/3	1/6	1/3	1/6	–	1/3	1/3	ثلث باقی 1/3 ①	ثلث باقی 1/3 ①	1/3	1/3
12	نانی ایک یا کئی کے لئے	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	x	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6
13	دادی ایک یا کئی کے لئے	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	1/6	x	1/6	1/6	1/6	1/6	x	1/6
14	ایک بیوی یا کئی بیویوں کے لئے	1/4	1/8	1/8	1/8	1/8	1/8	1/8	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	–	1/4	1/4
15	خاوند کے لئے	1/2	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/4	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	1/2	–	1/2	1/2
16	باپ کے لئے	عصبہ	1/6	1/6+عصبہ ②	1/6+عصبہ ②	1/6	1/6+عصبہ ②	1/6+عصبہ ②	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	–	عصبہ
17	دادا کے لئے	عصبہ	1/6	1/6+عصبہ ②	1/6+عصبہ ②	1/6	1/6+عصبہ ②	1/6+عصبہ ②	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	x	–
18	لڑکا یا لڑکوں کے لئے	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ
19	پوتا یا پوتوں کے لئے	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ
20	ایک یا کئی بھائی حقیقی کے لئے	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	x	x
21	ایک یا کئی بھائی باپ کی طرف سے	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	عصبہ/x ③	عصبہ/x ③	x	x	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	x	x
22	چچا ایک یا کئی ہوں تو ان کے لئے	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	x	عصبہ	عصبہ	عصبہ/x ③	عصبہ/x ③	x	x	عصبہ/x ④	عصبہ/x ④	x	x	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	عصبہ	x	x

علامتوں کی وضاحت:

① ثلث باقی 1/3 : بیوی یا خاوند ہو اور باپ ہو تو بیوی اور خاوند کا حصہ دے کر باقی کا 1/3 ماں کو ملے گا۔

② 1/6+عصبہ : یعنی پہلے بطور وارث کے 1/6 اور اگر اصحاب الفرائض سے کچھ بچ گیا تو وہ بھی لے لیگا۔ جیسے باپ بیٹی بیٹیوں اور پوتیوں کے ساتھ۔

③ عصبہ/x : اگر بہن خود عصبہ ہو تو باپ کی طرف سے جو بھائی ہوں گے وہ گر جائیں گے۔ اگر بہن وارث ہو تو پھر یہ عصبہ ہوں گے۔

④ عصبہ/x : یہ اس بات کی علامت ہے کہ ایک حالت میں گر جاویں گے اور دوسری میں وارث بطور عصبہ ہوں گے۔

x : اس سے مراد یہ ہے کہ یہ وارث دوسرے وارث کے ساتھ مل کر کچھ نہیں لے گا۔ جیسے بھائی بیٹے کے ساتھ یا باپ کے ساتھ۔

(تیار کردہ مولوی عبدالرحمٰن صاحب بحوالہ الفرقان ربوہ۔ اکتوبر 1952ء)

ڈپلومہ انجینئر محمد شفیق صاحب

ریفریجریٹر کے متعلق مفید ہدایات

ریفریجریٹرز کی تنصیب

گھریلو ریفریجریٹر کو ایسی جگہ نصب کرنا چاہئے جہاں اس پر براہ راست سورج کی شعاعیں نہ پڑیں۔ اس کو چولہوں، ہیٹروں یا گرم جگہوں کے نزدیک ہرگز نصب نہیں کرنا چاہئے۔ اگر ایسی جگہ نصب کرنا ناگزیر ہو جہاں گرمی پیدا کرنے والے آلات نصب ہوں تو ریفریجریٹرز اور ان کے درمیان بڑے سائز کی ایلومینیم شیٹ کا پردہ حائل کر دیں۔ کمرہ کافی بڑا اور ہوادار ہونا چاہئے۔ ریفریجریٹر کو دیوار سے کم از کم آدھا فٹ دور رکھنا چاہئے۔ اور مشین کو اچھی طرح لیول کر کے رکھیں۔ لیول کرنے کے لئے سپرٹ لیول استعمال کریں۔

بجلی کی سپلائی

بجلی کی سپلائی وولٹیج ریفریجریٹر کے لئے درکار سپلائی وولٹیج کے برابر ہونی چاہئے۔ ریفریجریٹر کی نیم پلیٹ پر درکار وولٹس (Volts) لکھے ہوتے ہیں۔ پاکستان میں گھریلو استعمال کے لئے 220 V A.C بجلی مہیا کی جاتی ہے۔ ریفریجریٹر کے لئے بہتر یہی ہے کہ فیوز بکس سے علیحدہ لائن حاصل کر کے سپلائی مہیا کی جائے۔ اس کی وائرنگ کے لئے مناسب سائز کی تاریں استعمال کی جاویں تاکہ لوڈ پر تاروں میں برقی دباؤ ضائع نہ ہو۔ ریفریجریٹر کی مین وائر کے ساتھ ایکسٹینشن وائر نہیں لگانی چاہئے۔ اس سے تاروں میں کافی وولٹ ضائع ہو جاتے ہیں۔ ریفریجریٹر کو چلا کر اس کے موٹر ٹرمینل پر وولٹیج کی پیمائش کرنی چاہئے۔ اگر وولٹیج میں دس فیصد سے زائد کی کمی بیشی ہو تو آٹو میٹکو وولٹیج سٹیبلائزر استعمال کرنا چاہئے۔

ریفریجریٹر کو ارتھ کرنا نہایت ضروری ہے۔ اگر تھری پن پلگ اور تھری پن ساکٹ استعمال نہ کی جائے تو پھر ریفریجریٹر کی باڈی کے ساتھ دھاتی تانبے کی تار اچھی طرح جوڑ کر زمینی ارتھ کے ساتھ ملا دینی چاہئے یا ہینڈ پمپ کے ساتھ اچھی طرح جوڑ دینا چاہئے۔ تھری پن ساکٹ کی صورت میں ساکٹ کی موٹی پن کو چیک کیا جاوے کہ آیا وہ واقعی ارتھ کی گئی ہے۔ ریفریجریٹر کو اگر ارتھ نہ کیا گیا ہو تو اس سے الیکٹرک شاک یعنی برقی جھٹکا لگ سکتا ہے اور قیمتی جان ضائع ہو سکتی ہے۔ خاص کر بچوں کے لئے یہ برقی صدمہ جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے۔

ضروری ہدایات

1۔ ریفریجریٹر کا دروازہ پوری طرح بند رکھیں۔

2۔ کھانے پینے کی اشیاء کو گرم حالت میں نہ رکھیں بلکہ ٹھنڈا کر کے رکھیں۔

3۔ پانی اور دیگر مائعات کو ڈھانپ کر رکھیں۔

4۔ چیزوں کو اپنی مقررہ جگہ پر رکھیں۔

5۔ دروازہ کم سے کم مرتبہ کھولیں۔

6۔ ٹمپریچر یعنی درجہ حرارت کو کنٹرول کرنے والے آلہ یعنی تھرموسٹیٹ سوئچ کو درست جگہ سیٹ کر کے رکھیں۔

7۔ شیلوز کو بہت چیزوں سے نہ بھریں۔ اس سے ہوا کی سرکولیشن میں رکاوٹ پیدا ہو گی اور چیزیں جلد ٹھنڈی نہ ہو سکیں گی۔

8۔ جب فریزر کی سطح پر زیادہ برف جم جائے (برف کی تہہ 1/4 انچ یا پنسل کی موٹائی سے زیادہ ہو جائے) تو یہ انسولیشن کا کام کرنا شروع کر دیتی ہے اور انتقال حرارت کے عمل میں کسی حد تک رکاوٹ کا باعث بن جاتی ہے۔ جس سے ریفریجریٹر کی کارکردگی میں کمی آ جاتی ہے تو ریفریجریٹر سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے کے لئے اس برف کو لازمی پگھلانا چاہئے۔ اس برف کے پگھلانے کے عمل کو ڈیفراسٹنگ کہتے ہیں۔ آج کل جدید قسم کے ریفریجریٹرز میں آٹو میٹک ڈیفراسٹنگ کا سسٹم لگا ہوا ہوتا ہے جو مشین کے چلنے کے ہر چھ گھنٹے کے بعد بجلی کے ہیٹر یا گرم گیس کے ذریعہ فریزر پر جمی ہوئی برف کو پگھلا دیتا ہے۔ مگر جن پرانی قسم کے ریفریجریٹرز میں ڈیفراسٹنگ کا آٹو میٹک سسٹم نہیں ہوتا ان میں ڈیفراسٹنگ خود کرنی پڑتی ہے۔ عام طور پر ہفتہ میں ایک مرتبہ ریفریجریٹر کو ڈیفراسٹ کرنا کافی ہوتا ہے۔ مگر برسات کے موسم میں جب ہوا میں نمی کی مقدار بڑھ جاتی ہے یا جب مائعات کو بغیر ڈھانپنے کے ریفریجریٹر میں رکھا گیا ہو تو ایسی صورت میں ضرورت کے مطابق ہفتہ میں دو یا تین بار بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

ڈیفراسٹ کرنے کا سب سے اچھا وقت رات کو سونے سے قبل کا ہوتا ہے۔ ڈیفراسٹ کرنے کا عمدہ طریقہ یہ ہے کہ ریفریجریٹر کو آف کر کے اس کا پلگ ساکٹ سے نکال لیں۔ ریفریجریٹر میں رکھا ہوا سامان باہر نکال لیں اور فروزن فوڈ کو اخبار کے کاغذوں میں اچھی طرح لپیٹ کر رکھیں اس سے وہ خراب نہیں ہوں گے۔ اس کے بعد پیڈسٹل فین کی ہوا سے فریزر پر جمی ہوئی برف کو پگھلا دیں۔ جب ڈیفراسٹنگ کا عمل اچھی طرح سے مکمل ہو جائے تو پھر ریفریجریٹر کو کسی نرم اور صاف کپڑا سے اچھی طرح خشک کر کے دوبارہ چیزیں رکھ کر چلا دیں۔

9۔ پانی کی ٹریز وغیرہ کو پانی سے مکمل نہ بھریں اور ٹریز کو نیچے سے صاف کر لیں اور فریزر میں رکھتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ پانی فریزر میں نہ گرے۔ اس احتیاط سے فریزر سے جمی ہوئی ٹریز نکالنے میں آسانی رہے گی۔

10۔ فریزر میں جمی ہوئی برف کو یا ٹریز کو اکھاڑنے کے لئے کسی دھاتی نوکدار چیز کا استعمال ہرگز نہ کریں۔ اس سے فریزر میں سوراخ ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے اور فریزر میں سوراخ ہو جانے کی صورت میں ریفریجریٹر میں چارج شدہ گیس خارج ہو جائے گی۔ عام طور پر سوراخ شدہ فریزر کو تبدیل کر کے دوبارہ گیس چارج کرنی پڑتی ہے جس پر کافی خرچ آتا ہے۔ اس لئے فریزر پر جمی ہوئی برف کو کسی دھاتی نوکدار چیز سے ہرگز نہ کھرچیں بلکہ اسے ڈیفراسٹنگ کے ذریعہ دور کریں۔ اگر برف کا کھرچنا بہت ہی لازمی ہو تو پلاسٹک کی چپٹی (جو اس کام لئے بنائی جاتی ہے) استعمال کریں۔

صاف کرنے کا طریقہ

ریفریجریٹر کو اندر سے صاف کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ نیم گرم پانی میں میٹھا سوڈا ملا کر ریفریجریٹر کو اندر سے اچھی طرح صاف کریں۔ اس محلول سے ہر قسم کی بدبو دور ہو جائے گی اور جراثیم سے بھی پاک ہو جائے گا۔

دیکھ بھال

1۔ بعض لوگ سردیوں میں بجلی کی بچت کی خاطر ریفریجریٹر کو بند کر دیتے ہیں۔ انہیں ایسا نہیں کرنا چاہئے۔ کیونکہ ریفریجریٹر کی مشینری لگاتار کام کرنے کے لئے بنائی جاتی ہے اور یہ بات تجربہ سے ثابت ہو چکی ہے اگر اسے سردیوں میں بند کر دینے کے بعد دوبارہ گرمیوں کے شروع میں چلایا جائے تو اس صورت میں کمپریسر بعض اوقات جام ہو جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے اور دیگر کئی قسم کے نقائص پیدا ہونے کا احتمال ہوتا ہے۔

2۔ اگر بجلی بند ہو جانے کے بعد دوبارہ جلدی آ جائے اور پھر بند ہو جائے اور آ جائے اور یہ عمل جاری رہے تو اس صورت حال سے ریفریجریٹر کو نقصان پہنچ سکتا ہے تو ایسی حالت میں ریفریجریٹر کو بند کر دینا چاہئے۔ جب دوبارہ بجلی کی رو بحال ہو جائے اور قائم رہے اور بلب جلا کر دیکھ لیں کہ پوری روشنی دے رہے ہیں تو پھر ریفریجریٹر کو آن کریں اور اگر بلب کی روشنی مدھم ہو تو اس صورت میں ریفریجریٹر کو ہرگز آن (On) نہ کریں۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ ریفریجریٹر کو ایک دفعہ آف (Off) کر دینے کے بعد دوبارہ پانچ منٹ کے وقفہ کے بعد آن کرنا چاہئے بصورت دیگر ریفریجریٹر کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اگر بجلی بند ہونے کے بعد دوبارہ آ جائے اور ریفریجریٹر کے سٹارٹ ہونے سے گھر کے بلبوں کی روشنی مدھم ہو جائے اور ریفریجریٹر سٹارٹ نہ ہو (ریفریجریٹر کے سٹارٹ ہونے کی ایک علامت یہ ہے کہ اس کا کنڈینسر گرم ہونا شروع ہو جاتا ہے) تو یہ کم برقی دباؤ کی علامت ہے (بشرطیکہ ریفریجریٹر کے لئے سپلائی، فیوز بکس سے براہ راست لی گئی ہو اور درست سائز کی تاریں استعمال کی گئی ہوں)۔ اس صورت میں ریفریجریٹر کو بند کر دینا چاہئے۔ ریفریجریٹر کو دوبارہ اس وقت تک آن نہیں کرنا چاہئے جب تک کہ دوبارہ درست برقی دباؤ بحال نہ ہو جائے۔ اگر کم برقی دباؤ بدستور قائم رہے تو کسی کوالیفائیڈ اور تجربہ کار ریفریجریشن مکینک سے یہ نقص چیک کروائیں۔

3۔ اگر ریفریجریٹر کے کمپریسر میں سے غیر معمولی آواز آ رہی ہو یا ٹھنڈک پیدا نہ کر رہا ہو یا بار بار سٹارٹ ہو کر جلدی بند ہو جاتا ہو۔ یا برقی صدمہ پہنچ رہا ہو تو ان تمام صورتوں میں مشین کو آف کر کے کسی کوالیفائیڈ اور تجربہ کار ریفریجریشن مکینک سے چیک کروائیں۔

4۔ خوشبودار چیزوں کو پلاسٹک کی تھیلیوں میں اچھی طرح بند کر کے ریفریجریٹر میں رکھنا چاہئے۔

5۔ سبزیوں اور پھلوں کو فوڈ کمپارٹمنٹ میں جہاں درجہ حرارت 35F سے 40F تک ہوتا ہے رکھنا چاہئے۔

